## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو
## وزیراعظم نے حکومتی بینچوں پر بیٹھنے کے فیصلے پر قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کی کاشکریہ ادا کیا

لندن۔۔۔ 8 جنوری 2011ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ہفتہ کی شب ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ان کی خصوصی درخواست پر حکومتی بینچوں پر بیٹھنے کے فیصلے پر جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی پوری قیادت کاشکریہ ادا کیا۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم کی تمام شکایات اور تحفظات دور کی جائیں گی اور مسائل کو حل کیا جائے گا اور تمام فیصلے باہمی مشاورت اور اعتماد میں لے کر کئے جائیں گے۔وزیراعظم نے بتایا کہ صدر آصف زرداری نے بھی تمام مسائل کے فوری حل کیلئے ہدایات کردی ہیں۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جمہوری نظام کی بقاء کیلئے قربانی دی ہے اور وہ جمہوریت کی بقاء،عوام کے مسائل کے حل اور ملک کے استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو امید ہے حکومت عوام کے مسائل کے حل کیلئے مثبت اقدامات کرے گی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

## یاورعباس شہید کی شہادت سے اپنے ایک اور پرعزم اور ثابت قدم ساتھی سے محروم ہوگیا ہوں۔الطاف حسین
## یاورعباس شہید تمام تر ریاستی جبر وتشدد کے باوجود تحریک کا کام جاری رکھنے کیلئے سرگرم رہے،تحریک کیلئے انکی قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے گفتگو

لندن۔۔۔ 8 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کے سینئر کارکن یاورعباس کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے یاورعباس شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ یاورعباس شہید تحریک کے ایک سینئر اور سرگرم کارکن تھے جو کئی برسوں سے تحریک سے وابستہ تھے، جو 19 جون 1992ء کو ایم کیوایم کے خلاف شروع کئے جانے والے بدترین ریاستی آپریشن کے دوران نہ صرف ثابت قدم رہے بلکہ تمام تر ریاستی جبر وتشدد کے باوجود تحریک کا کام جاری رکھنے کیلئے سرگرم رہے۔تحریک کیلئے ان کی قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یاورعباس شہید کی شہادت سے میں اپنے ایک اور پرعزم، باوفا، جانثار اور ثابت قدم ساتھی سے محروم ہوگیا ہوں جس پر مجھے دلی صدمہ پہنچا ہے۔انہوں نے یاورعباس شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ہم دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ یاورعباس شہید کو شہادت کا درجہ عطا کرے،شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور شہید کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ یاورعباس شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور سخت سے سخت سزادی جائے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناب الطاف حسین سے یاورعباس کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے سینئر کارکن یاورعباس کی شہادت پر جناب لطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔8،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے سینئر کارکن یاورعباس کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے سینئر کارکن یاورعباس کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی
## ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

کراچی۔۔۔8،جنوری2011ء

نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے سینئر کارکن یاورعباس کوشہید کر دیا گیا۔تفصیلا کے مطابق آج دوپہر تقریباً 2 بجے اپنی رہائش گاہ کے قریب واقع پی آئی بی کالونی پر کھڑے ہوئے تھے ان کو نامعلوم موٹرسائیکل پر سوار دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا جس کے نتیجے میں یہ موقع پر ہی شہید ہو گئے۔شہید کے سوگوارن میں تین بہنیں شامل ہیں شہید غیر شادی شدہ تھے اورانکی عمر 38 سال تھی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے سینئر کارکن یاورعباس شہادت شدید الفاظ مذمت کا اظہار کیا ہے اوراسے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض دشمن قوتیں متحدہ قومی موومنٹ کی پرامن  پالیسیوں اور مقبولیت سے شدید خوف زدہ ہیں اوریہی وجہ ہے کہ وہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت شہر میں قتل وغارت گری کے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اورایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے یاورعباس کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے یاورعباس شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورشہید کی مغفرت ، بلند درجات اورسوگواران کیلئے صبرجمیل کی دعا کی۔رابطہ کمیٹی نے صدرآصف علی زرداری ،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ یاورعباس کے قتل کا سختی سے نوٹس لیں اورکارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر ممبر عاصم عباس کوفائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا
## ایم کیوایم کے حیدرآباد زون کے کارکن عاصم عباس پر قاتلانہ حملے کا نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔8،جنوری2011ء

موٹرسائیکل پر سوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر کے ممبر عاصم عباس ولد ناظم حسین کوفائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔تفصیلات کے مطابق عاصم عباس سیکٹر ایچ ٹھنڈی سڑک آل آمنہ پلازہ سے اپنے گھر جارہے تھے کہ ایک موٹرسائیکل پر دو نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے جنہیں شدید تشویش ناک حالت میں مقامی اسپتال میں پہنچا دیا گیا جہاں انہیں فوری طبی امداد دی گئی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عاصم عباس پر نامعلوم دہشت گردو ں کی جانب سے فائرنگ کر کے شدید زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے سوچی سمجھی سازش کے تحت شہر کا امن تباہ کررہے اور کراچی میں پی آئی بی کالونی سیکٹر کے کارکن یاورعباس کی بہیمانہ شہادت کے فوری بعد حیدرآباد میں عاصم عباس پر فائرنگ اس ہی کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ اس سے قبل بھی مسلح دہشت گردوں کی جانب سے عادل اختر جعفری کوبھی کراچی میں فائرنگ کر کے شہید کیا جاچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب ایم کیوایم کے کارکنان کوفائرنگ کر کے شہید کیا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب کارکنان کے قتل میں ملوث کسی ایک بھی دہشت گرد کوتاحال گرفتار نہیں کیا جاسکا جس کے باعث ایم کیوایم کے کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو ہدایت کی وہ صبر کا دامن تھامے رکھیں اورکسی بھی طور مشتعل نہ ہوں۔رابطہ کمیٹی نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ،وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورصوبائی وزیرداخلہ ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر کے سیکٹر ممبر عاصم عباس کے زخمی ہونے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں گرفتار کر کے انہیں سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی نے ہمدردعوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ عاصم عباس کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کریں۔

## ''انقلاب'' کا لفظ مسلم لیگ (ن) کی چڑ بن چکا ہے، حیدر عباس رضوی

## پنجاب میں آمرانہ طرز حکومت کی وجہ سے صوبہ پنجاب پولیس اسٹیٹ بن چکا ہے۔

کراچی ۔۔۔08 جنوری 2011ء

قومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی نے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کے بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت سیاسی تدبر، معاملہ فہمی اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے کے بجائے اپنے سیاسی دیوالیہ پن کا مظاہرہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں پر دلیل ختم ہوجاتی ہے وہاں مسلم لیگ (ن) کے رہنماء و دیگر صرف غیر شائستہ زبان استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ جیسے ''انقلاب'' کا لفظ مسلم لیگ (ن) کی چڑ بن گیا ہے اور انقلاب کا نام لیتے ہی ایسا لگتا ہے کہ جیسے ایم کیو ایم نے ان کی کسی دکھتی رگ کو چھیڑ دیا ہو۔ حیدر عباس رضوی نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے سیاسی تعلقات ایم کیو ایم سمیت تمام سیاسی جماعتوں سے انتہائی کشیدہ ہیں اور ملک کی کوئی بھی سیاسی جماعت ایسی نہیں کہ جس سے مسلم لیگ (ن) کی محاذ آرائی نہ ہو۔ مسلم لیگ (ن) کی موجودہ پالیسی نہ صرف مسلم لیگ (ن) بلکہ ان کے ووٹرز اور خیر خواہوں کو سیاسی طور پر تنہا کرچکی ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ دوسروں پر دشنام ترازی اور انگشت نمائی کرنے کے بجائے اپنے جماعت کو محاذ آرانہ پالیسی پر نظر ثانی کرتے ہوئے اپنی جماعت کو اس سیاسی تنہائی سے باہر نکالیں اور ملک میں اپنے زبان و کردار سے کچھ دوست بھی پیدا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب میں آمرانہ طرز حکومت کی وجہ سے پنجاب پولیس اسٹیٹ بن چکا ہے صرف لاہور میں گزشتہ چند ماہ میں ساڑھے سات سو لوگ ڈینگی جیسے مرض میں ہلاک ہوچکے ہیں اور اس صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبہ پنجاب میں صحت کے وزیر کو تعینات کیا جائے کیونکہ حیرت کی بات یہ ہے کہ صوبہ پنجاب میں نہ تو صحت کا کوئی وزیر ہے نہ تعلیم کا اور نہ ہی داخلہ کا وزیر ہے۔ حیدر عباس رضوی کہا کہ انقلاب ملک کا مقدر بن چکا ہے اور انقلاب ڈھائی ہزار ایکڑ کی محل جیسی رہائشگاہ کے بجائے ایک سو بیس گز کے مکان سے شروع ہوا ہے جو بہت جلد ملک کے جمہوری آمروں کو کیفر کردار تک پہنچادے گا۔

## برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ پر بھتہ مافیا کی جانب سے دکانداروں کو ہراساں کرنے کا نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔8 جنوری 2011ء

حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے جرائم پیشہ بھتہ مافیا اور گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ پر کانداروں کو بھتے کی پرچیاں دیئے جانے اور بھتہ نہ دینے کی صورت میں دکانداروں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں اور دکانوں پر فائرنگ کرکے خوف وہراس پھیلانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ برنس روڈ میں جرائم پیشہ گینگ وار کے دہشت گردوں نے خوف وہراس کا بازار گرم کررکھا ہے اور ان کی جانب سے فوڈ اسٹریٹ کے دکانداروں کو بھاری رقوم کیلئے بھتے کی پرچیاں بھی دی جاری ہیں جبکہ دکانداروں کی جانب سے انکار کی صورت میں نہ صرف انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جارہی ہے بلکہ دکانوں پر جدید ہتھیاروں سے فائرنگ کرکے خوف وہراس بھی پھیلا جارہا ہے جس کے باعث برنس روڈ کے دکانداروں نے اپنا کاروبار بند کردیا ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ برنس روڈ پر گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے دکانداروں کو بھتہ کی پرچیاں اور سنگین کی نتائج کی دھمکیاں دی جاری ہے جبکہ دوسری جانب پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں معصوم دکانداروں کو بھتہ نہ دینے کی پاداش میں دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جس کے باعث برنس روڈ کے دکانداروں میں بھی شدید خوف وہراس پایا جارہا ہے اور دہشت گردوں کے ہاتھوں کی جان ومال غیر محفوظ ہوکررہ گئی ہے جو محبّ وطن شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے ۔اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ کے دکانداروں کو بھتے کی پرچیوں کا نوٹس لیا جائے اور دکانداروں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## عوام وکارکنان ایکسپریس ٹی وی چینل کے کیمرہ عمران علی سمیت دیگرافرد کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔8جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بس پیٹرول ٹینک پھٹنے سے جھلس کر ایکسپریس ٹی وی چینل کے کیمرہ مین عمران علی، ڈی ایس پی فخرالسلام سمیت متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انکے اہلخانہ سے ہمدردی اور تمام زخمیوں کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں، عوام و کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ تمام زخمیوں کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکن شیخ امتیاز احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔8جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ڈی یونٹ 5/A کے کارکن شیخ امتیاز احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کو حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔8جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن عبدالستار کی والدہ محترمہ حلیمہ بائی، لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن محمد عرفان کے والد ظہور الدین، سوسائٹی سیکٹر یونٹ A-59 کے کارکن عبیدالرحمٰن کی بھابھی محترمہ شاہنواز بیگم، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 48 کے کارکن عبدالکریم بندھانی کی پھوپی محترمہ مریم بی بی، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن اشفاق کے بھائی مشتاق خان، نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کے جوائنٹ یونٹ انچارج محمد عابد کے چچا چچا حکمت اللہ، کشمیر کمیٹی اورنگی ٹاؤن یونٹ 3 کے کارکن شکیل ڈار کے والد غلام رسول ڈار، حیدرآباد زون یونٹ 5/A کے کارکن شیخ امتیاز احمد بھیا، ٹنڈو الہ یار زون یونٹ B-1 کے کارکن جبران وحید کے والد عبدالوحید خانزادہ، بدین زون یونٹ گولارچی کے سیکٹر انچارج حبیب الرحمٰن پٹھان کے والدہ محترمہ مسمات زرمینوش پٹھان، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن محمد شفاعت کے والد محمد فضل علی، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکنان محمد خالد، ماجد قریشی اور راشد قریشی کے والد محمد عمر قریشی اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ C-67 کے کارکن عفان شریف کے والد محمد عثمان شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## قائد تحریک جناب الطاف حسین غریب عوام کے مسیحا ہیں، غلام حیدر راہو
## عبداللہ شاہ غازی گوٹھ میں کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔8،جنوری 2011ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر غلام حیدر راہو نے کہا ہے کہ کھوکھلے نعرے اور زبانی دعووں سے عوام کے مسائل حل نہیں کیے جاسکتے، ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور بلاتفریق رنگ ونسل غریب عوام کو درپیش مسائل ومشکلات سے نجات دلانے کیلئے کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گلشن اقبال عبداللہ شاہ غازی گوٹھ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر کے ایم اوسی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ، اراکین عزیز الرحمان، ندیم سومرو، محمد علی کلمتی اور ورگل محمد مینگل کے علاوہ مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی شرکت کی۔ کارنر میٹنگ میں عبداللہ شاہ غازی گوٹھ کے بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ غلام حیدر راہو نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ

واحد جماعت ہے جو زبانی جمع خرچ اور کھوکھلے نعروں کے بجائے حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور عوامی امنگوں اور خواہشات کے مطابق ان کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے ۔انہوں نے کہا کہ اقتدار ایم کیوایم کی منزل نہیں ،ایم کیوایم نے جمہوری انداز میں نہ صرف عوام کے درپیش مسائل کو اجاگر کیا بلکہ جمہوری احتجاج کا درست استعمال کرتے ہوئے ان کو حل بھی کرایا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کو بچانا چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام قائدتحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں اورانہوں نے قائدتحریک الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرلیا ہے ۔کارنر میٹنگ سے کے ایم اوسی کے انچارج فرخ اعظم ،جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کے کارکن یاور عباس شہید سپرد خاک

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی ،حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

کراچی ۔۔۔8،جنوری 2011ء

پیر کے روز موٹر سائیکل سوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 کے سینئر کارکن یاور عباس شہید کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔یاور عباس شہید کی نماز جنازہ رضویہ امام بارگاہ ناظم آباد میں ادا کی گئی ،نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد ،صوبائی وزیر شیخ محمد افضل ،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین ،ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران ،کارکنان ،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆